## سوال

کیا مزکورہ بالا حدیث مین بیان کی گیَ کہانی درست ھے

## جواب

حدیث (انت ومالک لابیک) میں موجود اشعار کی استنادی حیثیت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حدیث (انت ومالک لابیک) کے ضمن میں موجود اشعار والی سند کی کیا حیثیت ہے؟
الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! حدیث (انت ومالک لابیک) صحیح سند کے ساتھ سنن ابن ماجہ (2291) میں موجود ہے، مگر جس سند میں اشعار موجود ہیں، جو آپ نے بیان کی ہے، اسے امام طبرانی نے الاوسط میں اور امام بیہقی نے دلائل النبوہ میں نقل کیا ہے، اور اس کی سند ضعیف ہے۔ امام البانی فرماتے ہیں (قلت: ولم أجد من ترجمہ, والمنکدر بن محمد بن المنکدر لین الحدیث کما فی "التقریب".) (ارواء الغلیل: 3/325) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث